Department of Education
Chancellor David C. Banks

5 جنوری، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

اب جبکہ میں نیا اسکول چانسلر بنا ہوں، میئر Eric Adams کے ساتھ کام کرنا —اور آپکے بچوں کو انکی ایک انتہائی مستحق سردیوں کی تعطیلات کے بعد اسکول میں واپس خوش آمدید کہنا باعث اعزاز ہے۔ ہمارے بچوں، خاندانوں اور عملے کی صحت اور تحفظ ہماری اعلی ترین ترجیح ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ نے حالیہ خط موصول کیا ہوگا جو کہ صحت اور حفاظت کے نئے اقدامات کی خاکہ کشی کرتا ہے جو ہم نے یہ یقینی بنانے کے لیے نافذ کیے ہیں کہ آپکے بچے محفوظ رہیں اور ہمارے اسکول کھلے رہیں۔ ہم خاندانوں کی ٹیسٹ کروانے، ویکسین لگوانے اور اسکول میں ٹیسٹنگ کی اجازت دینے کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے۔ اگر آپکو خط نہیں ملا، آپ اسے schools.nyc.gov/messagesforfamilies پر پڑھ سکتے ہیں۔

بطور ایک والدین اور تاحیات معلم، میرا یقین ہے کہ ہر نوجوان شخص ذہانت، امید اور قابلیتوں سے بھرپور ہے۔ میرا یقین ہے کہ تمام بچے ایک مضبوط تعلیمی بنیاد کے مستحق ہیں جو انہیں ایک قابلِ ملازمت صلاحیتوں کے ساتھ سندیافتہ ہونے کے لیے تیار کرے۔ یکساں اہم ہے، وہ جسمانی اور جذباتی طور پر صحتمند ہونے کے لیے درکار وسائل اور اعانت کے مستحق ہیں۔

بطور ایک فخرمند نیویارک شہری کے، بروکلن میں پیدا ہونے والا، میں جانتا ہوں کہ ایک بچے کی زندگی میں ایک عمدہ متعلم اور اسکول کیا فرق پیدا کرسکتے ہیں۔ میں بروکلن میں P.S. 161 کی اس استانی کو کبھی نہیں بھول سکتا جنہوں نے میری زندگی بدل دی تھی۔ Mrs. Mildred Scott انہوں نے مجھے سیاہ فام افراد کی تاریخ اور ثقافت کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے مجھے یہ بھی سیکھایا کہ میری اپنی برادری کی جانب ذمہ داری ہے، ایک قدر جسے میرے والدین نے تقویت دی۔

میں یہ اسباق اپنے ساتھ کوئنز لے کر گیا، جہاں میں ہل کریسٹ ہائی اسکول سے سندیافتہ ہوا اور پھر کالج گیا۔ اب، میں نے ایک استاد بننے کا منصوبہ نہیں بنایا تھا۔ درحقیقت، میں ایک اسکول تحفظاتی افسر تھا جب مجھے تدریس کا شوق ہوا۔ اور یہ باعثِ حیرت نہیں ہے، میں نے اپنی پہلی تدریسی ملازمت اپنے پرانے محلے ایسٹرن پارک وے میں P.S. 167 میں شروع کی۔ اسکے بعد سے، میں برونکس اسکول فار لاٗ، گورنمنٹ اینڈ جسٹس کا بانی پرنسپل بنا، اور اسکے بعد ایگل اکیڈمی فار ینگ مین میں، جہاں میں نے ثابت کیا کہ غیر سفید فام نوجوان مردوں کو اعلی معیار کی کالج کی تیاری کی تعلیم ایک پبلک اسکول ماحول میں فراہم کی جاسکتی ہے۔

30 سے زیادہ سالوں سے میں یہ کام کررہا ہوں، میں نے تعلیم کے بارے میں کچھ باتیں سیکھی ہیں۔ میں نے سیکھا کہ نظام کو کس طرح بہتر بنایا جائے اسکا جواب ہمارے اساتذہ، پرنسپل حضرات، بچوں اور خاندانوں کے دلوں اور ذہنوں میں موجود ہے۔ میں نے سیکھا کہ آپ اختراعی اور اعلی معیار کے اسکول جو سب بچوں کو خدمات فراہم کریں تمام برادری کو مصروفِ عمل کیے بغیر تخلیق نہیں کرسکتے۔ اسلئے، بطور آپکے چانسلر کے میرے پہلے ہفتے میں، میں آپکے تبصرات اور شراکت کا خیرمقدم کرتا ہوں جبکہ ہم ملکر یہ یقینی بنانے کے لیے کام کررہے ہیں کہ قوم کا سب سے بڑا اسکول نظام قوم کا سب سے بہترین اسکول نظام بھی بن جائے۔

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے، ہم اپنے تمام بچوں کے لیے کام کریں گے–تمام مضافات سے بچوں کے لیے، اور خاص طور پر وہ جو تاریخی طور پر پیچھے چھوڑ دیے گئے ہیں۔ وہ بچے جو انگریزی بولنا سیکھ رہے ہیں۔ معذوری کے حامل بچے۔ بچے جو عارضی رہائش گاہوں میں رہتے ہیں۔ ہم اپنے بچوں کے لیے دن رات کام کریں گے، کیونکہ وہ سب پھلنے پھولنے کے قابل ہیں۔ اسکا مطلب ہے کہ ہر طالب علم کو اعانت، تعلیمی تجربات، اور وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ وہ ہائی اسکول سے سندیافتہ ہو، کالج جائے یا کوئی ہنر سیکھے، ملازمت حاصل کرے، اور باخبر اور سرگرم شہری بن جائے۔

آپ مجھ پر ہمیشہ ایماندار ہونے کا بھروسہ کرسکتے ہیں۔ میں شکر آمیزی نہیں کرونگا: ہمیں انتہائی مسابقتوں کا سامنا ہے، اور ہمیں اتنے بڑے نظام کو تبدیل کرنے کے لیے جیسا کہ ہمارا نظام ہے ہر ایک کی مدد درکار ہے۔ یہ خاص طور پر درست ہے جب ہم ایک عالمی وبا کے تیسرے سال میں داخل ہورہے ہیں جس نے ہم سے تعلیم اور تدریس کے نئے طریقے اختیار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اور یہ ہے جہاں ہمیں آپکی، ہمارے خاندانوں کی ضرورت ہے۔ ہم آپ میں سے ہر ایک تک پہنچنا چاہتے ہیں اور آپکے بچوں کی تعلیم میں آپکا بطور شراکت دارین کے خیرمقدم کرتے ہیں۔ ہم ان پالیسیوں میں آپ کی آرا چاہتے ہیں جو آپکے بچوں پر اثرانداز ہونگی۔ آنے والے مہینوں میں آپ ہمارے اسکول نظام سے ابلاغ کے نئے اور بہتر طریقے دیکھیں گے۔ ہم آپکو اپنے بچوں، اپنے اسکولوں اور اپنی برادریوں کے حمایتی ہونے کے لیے بااختیار بنانا چاہتے ہیں۔ ہم اپنے والدین کو مصروفِ عمل کرنا چاہتے ہیں جو عام طور پر اسکول نظام میں سرگرم نہیں ہوتے ہیں اور انکی آوازوں کو بلند کرنا چاہتے ہیں۔

میں نے اس خط کا آغاز تحفظ سے میری عہد بستگی سے کیا تھا اور میں دوبارہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم آپکے بچوں کو محفوظ رکھنے اور ہمارے اسکولوں کو کم سے کم خلل انگیزی کے ساتھ کھلا رکھنے کے لیے اپنے اختیار میں ہر کام کریں گے۔ نیویارک شہر کے طلبا اس سے کم کے مستحق نہیں ہیں۔ ہمارے طلبا کو اعلی مقام پر لے جانے میں آپکی گرمجوش تمناوں اور اعانت کا شکریہ۔

اونچی اُڑان،

David C. Banks
چانسلر
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم